CODE: 42

دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (**12**) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کر دیں۔

***

**CODE: 42**

# Part A

## Section 1 – Research Methodology

1. تذکرہ "چمنستانِ شعرا" کے مصنف کون ہیں؟

(A) لچھمی نرائن شفیق

(B) غلام ہمدانی مصحفی

(C) مصطفیٰ خاں شیفتہ

(D) لالہ سری رام

2. اختلافِ نسخ کہاں درج کرنا چاہیے؟

(A) صفحہ کے اوپری نصف میں

(B) صفحہ کے نچلے نصف میں

(C) باب کے آخر میں

(D) کتاب کے آخر میں

3. ایم ایل اے اسٹائل شیٹ کس ادارے نے تیار کرایا؟

(A) کیمبرج یونیورسٹی پریس

(B) آکسفرڈ یونیورسٹی پریس

(C) ماڈرن لینگویج اسوسی ایشن آف امریکہ

(D) شکاگو یونیورسٹی

4. تمسیخ کیا ہے؟

(A) متن کی غلطیوں کو درست کرنا

(B) جس متن میں مصنف نے تبدیلی کی ہو

(C) جس متن میں کوئی تبدیلی نہ ہوئی ہو

(D) متن کو غلط نگاری سے مسخ کردینا

5. مندرجہ ذیل میں سے کس زمرے کی تمام کتابیں قاضی عبدالودود کی ہیں؟

(A) آوارہ گرد اشعار، عیارستان، جہان غالب، اشتر وسوزن

(B) شعرا کے تذکرے، تعین زمانہ، ہندوستانی قصوں سے ماخوذ اردو مثنویاں، تذکرۂ شعرا

(C) کچھ ابوالکلام آزاد کے بارے میں، ہماری شاعری، نقوش وافکار، تذکرۂ شعرا

(D) غالب۔ شخص اور شاعر، اشتر وسوزن، شعر وزبان، تذکرۂ شعرا

**CODE: 42**

6. "کلیات سلطان محمد قلی قطب شاہ" کے مدون مندرجہ ذیل میں سے کون ہیں؟

(A) نورالحسن ہاشمی
(B) عبدالقادر سروری
(C) محی الدین قادری زور
(D) جمیل جالبی

7. ناقص الاول کا مطلب ہے۔

(A) وہ کتاب جس کے حروف مٹے ہوئے ہوں
(B) وہ کتاب جس کے شروع کے اوراق نہ ہوں
(C) وہ کتاب جس کے آخر کے اوراق نہ ہوں
(D) وہ کتاب جو پوری طرح ناقص ہو

8. تتمہ کسے کہتے ہیں؟

(A) کتاب کا پیش لفظ
(B) کتاب کا خاکہ
(C) کتاب کی آرائش
(D) کتاب مکمل ہو جانے کے بعد کسی اور جزو کا اضافہ

9. مخطوطہ کسے کہتے ہیں؟

(A) چھپا ہوا نسخہ
(B) مصنف کا خط
(C) قلمی و غیر مطبوعہ نسخہ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

10. قدرت اللہ قاسم کے تذکرے "مجموعۂ نغز" کی تدوین کس نے کی؟

(A) محمود شیرانی
(B) عبدالحق
(C) نثار احمد فاروقی
(D) مالک رام

11. "ذکر میر" کے مطابق میر کا اصل نام کیا ہے؟

(A) خواجہ تقی
(B) میر محمد متقی
(C) میر محمد تقی
(D) میر تقی احمد

**CODE: 42**

12. علم عروض کی اصطلاح میں 'وتد' کسے کہتے ہیں؟

(A) دو حرفی لفظ
(B) سہ حرفی لفظ
(C) چہار حرفی لفظ
(D) پانچ حرفی لفظ

13. سنہ پیدائش کے لحاظ سے مندرجہ ذیل شعراء کی درست ترتیب کیا ہوگی؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| الف۔ | سراج اورنگ آبادی | ب۔ | ابراہیم عادل شاہ ثانی |
| ج۔ | عبداللہ قطب شاہ | د۔ | قلی قطب شاہ |

(A) د، ج، ب، الف
(B) ج، د، الف، ب
(C) د، ب، ج، الف
(D) الف، ب، ج، د

14. کس بادشاہ کے عہد میں مسلمان فوجی، اہلِ حرفہ، صوفی، فقرا اور شمالی ہند کے لوگ اپنے ساتھ وہ ملی جلی زبان بھی لے گئے جو ابھی تشکیلی مراحل میں تھی؟

(A) جلال الدین خلجی
(B) علاؤالدین خلجی
(C) التمش
(D) محمد تغلق

15. کالم A کو کالم B سے ملائیں:

| کالم:A | | کالم:B | |
|---|---|---|---|
| (i) | بیجاپور | (a) | نظام شاہی |
| (ii) | گولکنڈہ | (b) | برید شاہی |
| (iii) | بیدر | (c) | قطب شاہی |
| (iv) | احمد نگر | (d) | عادل شاہی |

(A) (i-b), (ii-c), (iii-a), (iv-d)
(B) (i-a), (ii-b), (iii-c), (iv-d)
(C) (i- b), (ii- c), (iii-d), (iv- a)
(D) (i-d), (ii- c), (iii-b), (iv- a)

CODE: 42

16. خالق باری کے مصنف کون ہیں؟

(A) برہان الدین جانم (B) امیر خسرو
(C) ضیاء الدین خسرو (D) طبعی

17. ''فتح نامہ نظام شاہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) رستمی (B) حسن شوقی
(C) ملا داؤد (D) نصرتی

18. لوح سے کیا مراد ہے؟

(A) قلم (B) روشنائی
(C) کاغذ (D) سرورق

19. مدون کسے کہتے ہیں؟

(A) مقدمہ لکھنے والے کو (B) تخلیق کار کو
(C) تدوین کرنے والے کو (D) کتابت کرنے والے کو

20. مولانا الطاف حسین حالی نے شاعری کے لیے سادگی، اصلیت اور جوش کو ضروری خیال کیا ہے۔ یہ خیال کس سے مستعار ہے؟

(A) ملٹن (B) شیکسپیئر
(C) ٹی ایس ایلیٹ (D) برٹرنڈ رسل

21. ''اردو کی ابتدائی نشو و نما میں صوفیائے کرام کا کام'' کس کا تحقیقی کارنامہ ہے؟

(A) شمس اللہ قادری (B) مولوی عبد الحق
(C) خواجہ حسن نظامی (D) مولوی وحید الدین سلیم

**CODE: 42**

22. "اردو مثنوی شمالی ہند میں" کے مصنف کون ہیں؟

(A) مالک رام
(B) پنڈت دتاتریہ کیفی
(C) گوپی چند نارنگ
(D) گیان چند جین

23. مندرجہ ذیل میں سے رشید حسن خاں کی تصنیف منتخب کیجیے۔

(A) ادبی تحقیق۔ مسائل اور تجزیہ
(B) تحقیق و تدوین کا طریقہ کار
(C) ادبی تحقیق
(D) تحقیق۔ اصول اور طریقہ کار

24. "اصول تحقیق و ترتیب متن" کے مصنف کون ہیں؟

(A) نثار احمد فاروقی
(B) قاضی عبدالودود
(C) تنویر احمد علوی
(D) امتیاز علی خاں عرشی

25. کس محقق نے یہ مفروضہ غلط ثابت کیا ہے کہ سعداللہ گلشن نے ولی دکنی کو فارسی کا طرز اور مضامین اختیار کرنے کا مشورہ دیا تھا؟

(A) رشید حسن خاں
(B) محمود خاں شیرانی
(C) حنیف نقوی
(D) شمس الرحمٰن فاروقی

## Section 2 Urdu

26. "خوب ترنگ" کس کی تصنیف ہے؟

(A) شیخ بہاءالدین باجن
(B) خوب محمد چشتی
(C) شاہ علی جیو گام دھنی
(D) وجدی

27. کتاب نورس کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(A) مثنوی
(B) مرثیہ
(C) گیت
(D) قصیدہ

28. معانی کس شاعر کا تخلص تھا؟

(A) قلی قطب شاہ
(B) محمد قطب شاہ
(C) عبداللہ قطب شاہ
(D) ابراہیم قطب شاہ

29. "پرت نامہ" کس کی تصنیف ہے؟

(A) حسن شوقی
(B) محمود
(C) فیروز بیدری
(D) ملا داؤد

30. سراج اورنگ آبادی نے تقریباً گیارہ سو ساٹھ اشعار پر مبنی مثنوی "بوستانِ خیال" کتنے دنوں میں لکھی؟

(A) دو مہینہ
(B) دو دن
(C) چار مہینہ
(D) دو برس

31. ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور دوسرا دلیل۔

دعویٰ :(A) ہندوستان کی جدید زبانوں کی پیدائش پراکرتوں سے نہیں اپ بھرنشوں سے ہوتی ہے۔

دلیل :(R) شورسینی اپ بھرنش سے کھڑی بولی پیدا ہوئی جس کی ترقی یافتہ شکلیں اردو اور ہندی ہیں۔

دعویٰ اور دلیل کی روشنی میں درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(A) دونوں درست ہیں اور دلیل سے دعوی کی وضاحت ہوتی ہے۔
(B) دونوں درست ہیں لیکن دلیل سے دعوی کی وضاحت نہیں ہوتی۔
(C) دعویٰ درست ہے، دلیل غلط ہے۔
(D) دعویٰ غلط ہے، دلیل درست ہے۔

CODE: 42

32. کالم A کو کالم B سے ملا کر صحیح جوڑ بنائیں

| | کالم:A | | کالم:B |
|---|---|---|---|
| (i) | داستان زبان اردو | (a) | محمود شیرانی |
| (ii) | ہند آریائی اور ہندی | (b) | محی الدین قادری زور |
| (iii) | پنجاب میں اردو | (c) | سنیتی کمار چٹر جی |
| (iv) | ہندوستانی لسانیات | (d) | شوکت سبز واری |

(A) (i-b), (ii-c), (iii-d), (iv-a)  (B) (i-a), (ii-b), (iii-c), (iv-d)

(C) (i- d), (ii- c), (iii-a), (iv-b)  (D) (i-d), (ii-a), (iii-b), (iv-c)

33. کس ماہر لسانیات نے مغربی ہندی کی پانچ بولیوں کو دو گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟

(A) سنیتی کمار چٹر جی  (B) گریرسن

(C) محی الدین قادری زور  (D) شوکت سبز واری

34. "دراصل اردو اور ہندی ایک ہی زبان کے دو روپ ہیں جسے ماہرینِ علمِ زبان نے کھڑی بولی کا نام دیا ہے۔ ان کے موجودہ روپوں میں دو فرق واضح ہیں۔ ایک لپی اور دوسرا دخیل الفاظ۔"

یہ خیال کس ماہر زبان کا ہے؟

(A) گیان چند جین  (B) نصیر الدین ہاشمی

(C) گوپی چند نارنگ  (D) سہیل بخاری

CODE: 42

35. کس ماہر لسانیات کا خیال ہے کہ " اگر مسلمان شمالی ہندوستان میں نہ آتے تب بھی جدید ہند آریائی زبانوں کی پیدائش ہو جاتی لیکن ان کے ادبی آغاز وارتقا میں ضرور تاخیر ہو جاتی۔"

(A) سنیتی کمار چٹرجی
(B) جارج گریرسن
(C) گراہم بیلی
(D) ڈنکن فاربس

36. شورسینی پراکرت کا مرکز کہاں تھا؟

(A) قنوج
(B) دہلی
(C) متھرا
(D) لاہور

37. مندرجہ ذیل میں سے کس میں افعال اور اسما کا اختتام عام طور سے " اَ" پر ہوتا ہے؟

(A) برج بھاشا
(B) کھڑی بولی
(C) قنوجی
(D) بُندیلی

38. امیر خسرو نے اپنی مثنوی " نُہ سپہر" میں ہندوستان کی بارہ زبانوں کے نام گنوائے ہیں۔ ان میں ایک "زبانِ دہلی و پیرامنش" بھی ہے۔ اس سے کون سی زبان مراد ہے؟

(A) برج بھاشا
(B) اودھی
(C) سنسکرت
(D) کھڑی بولی اور ہریانوی

39. "کربل کتھا" کس فارسی کتاب کا ترجمہ ہے؟

(A) شاہنامہ
(B) روضۃ الشہدا
(C) کلیلہ ودمنہ
(D) قابوس نامہ

CODE: 42

40. "بکٹ کہانی" کی زبان پر برج بھاشا کے علاوہ کس زبان کے اثرات نمایاں ہیں؟

(A) ترکی
(B) عربی
(C) فارسی
(D) سنسکرت

41. ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی    برسات میں عید آئی، قدح کش کی بن آئی
یہ شعر کس شاعر کے قصیدے کی تشبیب کا ہے؟

(A) سودا
(B) ذوق
(C) محسن کاکوروی
(D) منیر شکوہ آبادی

42. مندرجہ ذیل میں سے کس شاعر کے اردو میں آٹھ دیوان ہیں؟

(A) خان آرزو
(B) میر تقی میر
(C) مصحفی
(D) ناسخ

43. کالم A اور B سے صحیح جوڑ بنائیے۔

| کالم:A | | کالم:B | |
|---|---|---|---|
| (الف) | امیر خسرو | (1) | خاقانی ہند |
| (ب) | ملاوجہی | (2) | نجم الدولہ دبیر الملک |
| (ج) | مرزا غالب | (3) | ملک الشعرا |
| (د) | ذوق دہلوی | (4) | طوطی ہند |

(A) (الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4
(B) (الف) 2 (ب) 1 (ج) 4 (د) 3
(C) (الف) 3 (ب) 1 (ج) 4 (د) 2
(D) (الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 1

CODE: 42

44. مندرجہ ذیل میں سے کس زمرے کی تمام نظمیں اخترالایمان کی ہیں؟

(A) (الف) پگڈنڈی (ب) چاند تاروں کا بن (ج) تنہائی (د) تنہائی

(B) (الف) سب رنگ (ب) مسجد (ج) یادیں (د) ایک لڑکا

(C) (الف) رقیب سے (ب) وداع (ج) قلوپطرہ (د) خاک ہند

(D) (الف) پرانی فصیل (ب) ایک لڑکا (ج) یہ گھر (د) علی بن متقی رویا

45. مندرجہ ذیل میں سے کس زمرے کے تمام شعرا آزاد نظم کے حوالے سے اپنی منفرد شناخت رکھتے ہیں؟

(A) (الف) حسرت موہانی (ب) مجروح سلطان پوری (ج) افسر میرٹھی (د) محمد دین تاثیر

(B) (الف) اختر شیرانی (ب) احمد ندیم قاسمی (ج) احسان دانش (د) جوش ملیح آبادی

(C) (الف) اخترالایمان (ب) سکندر علی وجد (ج) شمس الرحمٰن فاروقی (د) جمیل مظہری

(D) (الف) تصدق حسین خالد (ب) ن م راشد (ج) میراجی (د) مختار صدیقی

46. سلطانہ کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) موذیل (B) ہتک

(C) کالی شلوار (D) ٹوبہ ٹیک سنگھ

47. کس ناول کے مرکزی کردار کا تعلق روپ نگر سے ہے؟

(A) آگ کا دریا (B) اداس نسلیں

(C) بستی (D) دو گز زمین

**CODE: 42**

48. ڈراما ''دھوپ کی دستک'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) حبیب تنویر (B) شمیم حنفی

(C) رفعت سروش (D) آغا حشر کاشمیری

49. کس ناول میں مشترکہ ہندوستانی تہذیب کی گم ہوتی اقدار کو موضوع بنایا گیا ہے؟

(A) آنگن (B) خدا کی بستی

(C) میدان عمل (D) آخری سواریاں

50. ''جاپان چلو جاپان چلو'' کس کا سفر نامہ ہے؟

(A) ابن انشا (B) یوسف ناظم

(C) مجتبیٰ حسین (D) مشتاق احمد یوسفی

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all the four questions** **20Marks**

### Research Methodology

1. سندی تحقیق کے مختلف مراحل پر ترتیب وار روشنی ڈالیے۔
2. اردو میں تدوین متن کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

### Urdu

3. آل احمد سرور کی تنقید نگاری کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔
4. اکیسویں صدی کے اہم ناولوں کا فکری وفنی جائزہ پیش کیجیے۔

***